## بلغم کا نمونہ

بلغم وہ ریشہ ہوتا ہے جو آپ کھانسی کے ذریعے اپنے گلے یا پھیپھڑوں سے نکالتے ہیں۔ اگر آپ کے پھیپھڑوں میں TB کی علامات موجود ہو، تو آپ کی بلغم کے کئی نمونے لے کر لیباریٹری میں ارسال کئے جائیں گے۔ پھر انہیں یہ جانچنے کے لئے ایک خورد بین کے ذریعے دیکھا

جائے گا آیا ان میں TB کے کوئی جراثیم موجود ہیں یا نہیں۔
اگر خورد بین کے ذریعے جراثیم دیکھے جا سکتے ہوں، تو اس کو ایک مثبت TBکا بلغم سمئیر کہاجاتا ہے اور آپ کے چھینکنے یا کھانسنے سے

دوسروں کو انفیکشن کے منتقل ہونے کا زیادہ امکان ہوتاہے۔
اگر خورد بین کے ذریعے جراثیم نہ دیکھے جا سکتے ہوں، لیکن دیگر ٹیسٹ یہ ظاہر کریں کہ آپ فعال TB کے حامل ہیں، تو اس کو ایک منفی TBکا بلغم سمئیر کہاجاتا ہے، اس کا مطلب ہے کہ آپ کا دوسروں کو انفیکشن کے منتقل کرنے کا امکان کم ہوتاہے۔

## کلچر ٹیسٹ

اگر آپ نے بلغم کا ایک ٹیسٹ کروایا ہو ، تو لیباریٹری یہ بھی دیکھنے کی کوشش کرے گی، آیا TB کے جراثیم کو نمونے سے اگایا [ پیدا کیا ] جا سکتا ہے اس کو ایک کلچر ٹیسٹ کہا جاتا ہے۔

اگر گلے یا پھیپھڑوں کے علاوہ آپ کے جسم کے کسی دوسرے حصے میں فعال TB کے ہونے کا احتمال ہو، تو جسم کے اس حصے میں،جہاں پر TB متوقع ہے، سے نسیج کا ایک چھوٹا سا نمونہ (جسے بائیوپسی کہا جاتا ہے) لیا جا سکتا ہے، یا ایک سوئی کے استعمال سے عضلات یا خون کی تھوڑی سی مقدار لی جا سکتی ہے۔ ان کو پھر یہ دیکھنے کے لئے لیباریٹری میں ارسال کیا جائے گا، آیا اس نمونے سے TB کے جراثیم اُگایا جا سکتا ہے (کلچر)

چونکہ TB کا جرثومہ بڑی سست رفتاری سے افزائش پاتا ہے، اسلئے کوئی نتیجہ دینے سے قبل کلچر ٹیسٹ میں 8 ہفتے لگ سکتے ہیں۔ اگر پھیپھڑوں کے علاوہ آپ کے جسم کے کسی دوسرے حصےمیں فعال TB پائی جائے، تو یہ چیک کرنے کے لئے آپ کو چھاتی کا ایکس رے کروانا چاہئے، کہیں پھیپھڑوں میں بھی TB نہ ہو۔

## TB Alert کے متعلق

**TB Alert** ایک منفرد خیراتی ادارہ ہے، جو دنیا بھر کی تپ دق کے متعلق یُو کے میں بیداری پیدا کرر ہا ہے۔ ہم یو کے اور ترقی پذیر ممالک میں ایسے منصوبوں کی اعانت کرتے ہیں جو اس بات کو یقینی بنائیں کہ زیادہ مریضوں کو مناسب معلومات اور علاج میسر ہو۔ آپ کی مدد سے ہم دنیا بھر میں تپ دق پر ایک مثبت اثر ڈال کر زیادہ جانیں بچا سکتے ہیں۔

اپنے خاندان اور دوستوں کی TB سے حفاظت کریں – اپنی TB کی تمام دوا لیں.

**یاد رکھیں** TB نرس آپ کی مدد کرنے اور آپ کو آپ کے پورے علاج کے دوران مشورہ دینے کے لئے یہاں پر مو جود ہے۔ اگر آپ کے علاج سے آپ کی طبیعت خراب محسوس ہو، یا آپ اپنی دوا کے بارے میں پُر یقین نہ ہوں، تو براہ مہربانی اپنی نرس سے رابطہ کریں۔

آپ کی TB نرس ہے:

______________________________

آپ کے ہسپتال کا ڈاکٹر ہے:

______________________________

رابطہ نمبر:

______________________________

ای میل:

______________________________

**TB Alert** ایک منفرد خیراتی ادارہ ہے، جو دنیا بھر کی تپ دق (TB) کے متعلق یُو کے میں بیداری پیدا کرر ہا ہے۔ ہم یو کے اور ترقی پذیر ممالک میں ایسے منصوبوں کی اعانت کرتے ہیں جو اس بات کو یقینی بنائیں کہ زیادہ مریضوں کو مناسب معلومات اور علاج میسر ہو۔ آپ کی مدد سے ہم دنیا بھر میں تپ دق (TB) پر ایک مثبت اثر ڈال کر زیادہ جانیں بچا سکتے ہیں۔

**TB Alert,**
Community Base,
113 Queens Road,
Brighton BN1 3XG
ٹیلیفون: 01273 234030

مزید معلومات یا اس ورقچے کی نقل کے لئے،
براہ مہربانی رابطہ کریں 01273 234 770 (فقط اوقاتِ کار)۔

ایک عطیہ دینے یا **TB Alert** کی مدد کے لئے رضاکار بننے کے لئے،
براہ مہربانی رابطہ کریں 01273 234 784 (فقط اوقاتِ کار)۔

یا ہماری ویب سائٹ www.tbalert.org پر جائیں

اس ورقچے میں دی گئی تپ دق کے ٹیسٹوں اور تشخیص سے متعلق معلومات کا مقصد موضوع کے بارے میں عمومی معلومات دینا ہے۔ اس کا مقصد آپ کی نرس/ڈاکٹر یا صحت کے دیگر پیشہ ور ماہرین کے علم، مہارت اور بصیرت کے متبادل کے طور پر دینا نہیں ہے۔ اس ورقچے میں شامل کسی بھی معلومات کا مقصد تشخیص یا علاج کے لئے استعمال کرنا نہیں ہے۔ تشخیص اور علاج سے متعلقہ سوالات اور تفکرات کے لئے صحت کے ایک پیشہ ور ماہر سے رجوع کرنا چاہئے۔

اصل تیاری کا کام از شمال مغربی لندن TB نیٹ ورک

ضمانت کے ذریعے محدود ایک کمپنی۔ انگلینڈ میں رجسٹرڈ نمبر 3606528 رجسٹرڈ خیراتی ادارہ نمبر 1071886 ڈیزائن worksong لندن 020 8352 8300

# تپ دق (TB)
# اورَ اس کی تشخیص




URDU_56295 TB Diagnosis.indd 1
6/10/2009 1:36:40 PM

## تپ دق (TB) کیا ہے؟

تپ دق (TB) ایک جراثیمی (بیکٹیریل) انفیکشن ہے، جو زیادہ تر پھیپھڑوں میں پائی جاتی ہے لیکن جسم کے کسی حصے کو بھی متاثر کر سکتی ہے۔ یہ فعال TB کہلاتی ہے۔ فعال TB دوائیوں کے ایک کورس کے ذریعے قابل علاج ہے جو کم از کم چه ماہ تک کھانی ہوتی ہیں۔ فقط پھیپھڑوں یا گلے کی TB متعدی ہو سکتی ہے اور زیادہ تر لوگ دوا لینا شروع کرنے کے دو ہفتے کی مدت کے اندر متعدی نہیں رہتے۔

خوابیدہ TB یا TB انفیکشن میں مبتلا ہونا بھی ممکن ہے۔ اس کا مطکب یہ ہوتا ہے کہ آپ اندر جراثیم موجود ہیں، لیکن آپ کا جسم انہیں زیر قابو رکه رہا ہے اور آپ کو علیل ہونے سے بچا رہا ہے۔ خوابیدہ TB کے حامل اشخاص میں کوئی علامات موجود نہیں ہوتیں اور وہ انفیکشن کو دوسروں کو منتقل نہیں کر سکتے۔

## TB کیسے لگ جاتی ہے؟

جب پھیپھڑوں یا گلے کی TB میں مبتلا کوئی شخص کھانستا یا چھینکتا ہے، تو جراثیم چھوٹے چھوٹے قطروں کی صورت میں ہوا میں شامل ہو جاتے ہیں اور دوسرے لوگ ان میں سانس لے سکتے ہیں۔ جن لوگوں کے TB میں مبتلا ہونے کا سب سے زیادہ امکان ہوتا ہے۔ وہ لوگ ہوتے ہیں، جنہوں نے TB کے حامل شخص کے ساته کافی وقت گذارا ہو۔ (عموماً ساتھی اور اسی گھرانے کے دوسرے لوگ، یا شاذو نادر قریبی رفقائے کار) TB تھوکنے یا اشیاء میں ایک دوسرے کو شریک کرنے سے نہیں پھیلتی۔

## TB کی علامات کون سی ہیں؟

پھیپھڑوں میں کی سب سے عام علامات کون سی ہیں

- **ایک ایسی کھانسی جو تین ہفتے سے زیادہ عرصے تک رہے۔** یہ ایک خشک تکلیف دہ کھانسی کے طور پر شروع ہو سکتی ہے، جو ہو سکتا ہے سینے کی کسی انفیکشن والی کھانسی سے مختلف نہ ہو۔ تپ دق کی کھانسی رفتہ رفتہ ابتر ہوتے ہوئے، ہفتوں یا مہینوں تک رہے گی،
- **بظاہر کسی وجہ کے بغیر وزن میں کمی۔**
- **بخار اور رات کو بہت زیادہ پسینہ آنا۔** بیماری کے ساته پیدا ہونے والا بخار اکثر رات کو ہوتا ہے، جس سے مریض کو بہت زیادہ پسینہ آتا ہے۔ اتنا زیادہ ،کہ آدھی رات کو بستر کی ساری چادریں بدلنے کی ضرورت پیش آ سکتی ہے۔
- **تھکاوٹ اور طبیعت کے ناساز ہونے کا ایک عمومی اور غیر معمولی احساس**
- **عدم اشتہاء (بھوک کا نہ ہونا)**

یہ تمام علامتیں دیگر مسائل کے اشارے بھی ہو سکتے ہیں۔

## کیسے معلوم ہو سکتا ہے کہ مجھے TB ہے؟

اگر آپ کو ان علامات میں سے تین یا زائد علامات ہوں، تو آپ کو اپنےGP سے ملاقات کرنی چاہئے (اگرچہ ان میں سے کوئی بھی کسی اور مسئلے کا اشارہ ہو سکتی ہے، جس کے لئے آپ کو اپنے GP سے چیک کرنا چاہئے)۔ اگر ان کا خیال ہو، کہ TB ایک امکان ہو سکتی ہے، تو پھر وہ آپ کو چھاتی یا TB کے مقامی کلینک کو بھیج دیں گے، جہاں پر ٹیسٹ سر انجام دئیے جائیں گے۔

اگر آپ TB کے حامل کسی شخص کو جانتے ہیں، تو ڈاکٹر اس سے یہ پوچھیں گے کہ اس نے کس کے ساته زیادہ وقت گزارا ہے۔ خدماتِ صحت پھر ہر اس شخص سے رابطہ کریں گی جو ان کے خیال کےمطابق انفیکشن کے خطرے سے دوچار ہوگا اور انہیں ٹیسٹوں کے لئے آنے کے لئے کہیں گی۔

**مختلف ٹیسٹ مندرجہ ذیل ہیں:**

## جلد کا ٹیسٹ (Mantoux)

جلَد کا ٹیسٹ دکھاتا ہے آیا آپ کے جسم کا سامنا کبھی TB کے جراثیم سے ہوا ہے؟ آپ کا سامنا BCG ویکسین (جو جرثومے کی ایک محفوظ شکل پر مشتمل ہوتی ہے) کروانے سے ہو سکتا ہے ، یا TB کے جرثومے پر مشتمل ہوا میں سانس لینے سے ہو سکتا ہے۔ اس کو Mantoux ٹیسٹ کہتے ہیں اور یہ براہ راست آپ کی جلد کی بالائی تہہ کے اندر ایک چھوٹی سرنج اور سوئی کے ساته Tuberculin نامی مائع کو داخل کرنے پر مشتمل ہوتا ہے۔ اس سے قدرے چُبھن ہو سکتی ہے، لیکن یہ زیادہ دیر تک تکلیف دہ نہیں ہوتا۔ ٹیسٹ کے مقام کا معائنہ3-2 روز بعد میں کیا جاتا ہے۔

اگر ٹیسٹ مُثبت ہوا، تو ایک اُبھری ہوئی سرخ جگہ نمودار ہو جائے گی۔ آپ کو چاہئے کہ اس مقام کو پلستر سے نہ ڈھانپیں، اس کو مت چھیلیں یا ملیں۔ یا اس پر کوئی تیل، کریم یا سنگھار کی کوئی چیز نہ لگائیں۔ آپ اس کو معمول کے مطابق صابن اور پانی سے دھو سکتے ہیں۔ سرخی اور سائز کے مختلف درجے ہوتے ہیں۔کلینیک میں موجود ڈاکٹر یا نرس ٹیسٹ کا معائنہ کر کے آپ کو نتیجے کی وضاحت کریں گے۔

## جِلد کے ایک مُثبت ٹیسٹ کا کیا مطلب ہوتا ہے؟

جلد کے ایک مُثبت ٹیسٹ سے مراد کئی چیزیں ہو سکتی ہیں:
آپ نے BCG کی ویکسین لگوائی ہے۔ اگر آپ نے لگوائی ہے، تو ایک چھوٹا سا رد عمل متوقع ہے اور یہ معمول کے مطابق ہے۔
آپ کو خوابیدہ انفیکشن ہے۔ خوابیدہ انفیکشن کی تصدیق کرنے کے لئے آپ کو خون کے ایک ٹیسٹ کے لئے کہا جا سکتا ہے۔
آپ کو ایک فعال TB ہو سکتی ہے، اور مزید ٹیسٹوں کے لئے آپ کو ایک ڈاکٹر سے ملاقات کرنا ہوگی۔

## جلدکےمنفی ٹیسٹ کامطلب کیاہوتاہے؟

اس کا مطلب ہے کہ غالباً آپ کا سامنا پہلے TB کے جراثیم سے نہیں ہوا ہے۔ لیکن اس کا مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آپ کا ٹیسٹ بہت جلدی ہو گیا ہے یا آپ کا جسم ٹیسٹ پر کوئی رد عمل دکھانے سے قاصر ہے۔

ہو سکتا ہے کہ ٹیسٹ کو چه ماہ کے عرصے میں دوہرانا پڑے۔ ایک منفی ٹیسٹ کا مطلب ہمیشہ یہ نہیں ہوتا کہ آپ کو TB نہیں ہے۔

اگر آپ TB میں مبتلا نہیں ہیں، لیکن یہ خیال کیا جاتا ہو کہ اپنی رہائش یا جو کام آپ کرتے ہیں، اس کی وجہ سے اس میں مبتلا ہونے کا آپ کو زیادہ تر لوگوں کی نسبت زیادہ خدشہ ہے، تو ہو سکتا ہے آپ کو BCG کی ویکسین لگوانے کے لئےکہا جائے۔ اگر آپ مامونی طور ہر بہت زیادہ ہیں (جیسے HIV میں مبتلا لوگ یا پیوندکاری کے مریض) ، تو آپ کو BCG نہیں لگائی جائے گی، کیونکہ ایسی صورتوں میں فعال ویکسین سے بہت زیادہ خطرہ ہوتا ہے۔

## خون کا ٹیسٹ

یہ آپ کے لئے مخصوص ٹیسٹ برائے TB ہے۔ اگر آپ کی جلد کاٹیسٹ مثبت ہے اور آپ کا رابطہ متعدی TB کے حامل کسی شخص سے رہا ہے (لیکن آپ کو کوئی علامات نہیں ہیں)، تو خوابید ہ TB کو چیک کرنے کے لئے آپ کو یہ ٹیسٹ کروانے کے لئے کہا جا سکتا ہے۔ اگر خون کے ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت ہو تو یہ چیک کرنے کے لئےآپ کے مزید ٹیسٹ کئے جا سکتے ہیں کہ آپ کو فعال TB تو نہیں ہے۔

35 سال سے کم عمر کے خوابیدہ TB کے مریضوں کو ایک تین یا چه ماہ کے علاج کا کورس کروایا جا سکتا ہے۔ 35 سال سے زائد عمر کے لوگ جنہیں HIV انفیکشن نہیں ہے، ان کا علاج نہیں کیا جاتا کیونکہ ضِد TB ادویات کی بنا پر جگر کے نقصان کا بے حد خطرہ ہوتا ہے۔ HIV انفیکشن کے مریضوں کا ہمیشہ علاج کیا جاتا ہے، چاہے ان کی عمر جتنی بھی ہو، کیونکہ خوابیدہ TB آسانی سے فعال ہو جاتی ہے اور پھر HIV کی بیماری میں تیزی لاتا ہے۔

## سینے کا ایکس رے

Iاگر آپ کو TB کی علامات ہوں، تو آپ کو سینے کے ایک ایکس رے کے لئے بھیجا جائے گا۔ اس سے ڈاکٹروں کو پتہ چل جائے گا، آیا آپ کے پھیپھڑوں میں TB موجود ہے یا پہلے رہی ہو۔

URDU_56295 TB Diagnosis.indd 2 6/10/2009 1:37:05 PM